| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 08-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔آئندہ مالی سال کا بجٹ متوازن اور عوام دوست بنایا جائے، قدوس بزنجو | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔بلوچستان عوامی پارٹی نے کارکردگی کی بنیاد پر کلین سوئپ کیا، نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی امن مسلمہ با قابل برداشت ہے، نصیب اللہ مری | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔حب ضلع کا قیام ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہے، صالح بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔عمران خان نے ملک کو بدترین معاشی تباہی سے دوچار کیا، مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔موجودہ صوبائی حکومت اپوزیشن کی مرہون منت ہے ، میر اسد بلوچ | سینچری ودیگراخبارات |
| 7۔بالیچہ کے مسائل کا ادراک ہے، حاجی اکبر آسکانی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 8۔بلوچستان میں پسماندگی وغربت کے خاتمے اور صحت وتعلیم کیلئے اقدامات جاری ہیں، جان جمالی | مشرق ودیگراخبارات |
| 9۔معذور افراد ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں، عبدالخالق ہزارہ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10۔بلوچستان میں ٹیلی ہیلتھ سنٹرز کو بڑھایا جائے گا، آغا حسن بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔حکومت کوئٹہ میٹروپولیٹن کو تمام سہولیات فراہم کرے گی، بشریٰ رند | مشرق ودیگراخبارات |
| 12۔محمد ﷺ کی شان میں گستاخی قابل مذمت، اوآئی سی نوٹس لے، بلوچستان اسمبلی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔فوڈ اتھارٹی کی کلی مہترزئی بلیلی میں سیوریج کے پانی سے کاشت فصلیں تلف | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔دوسرے مرحلے میں بلدیاتی انتخابات جولائی میں کرائے جائینگے، صوبائی الیکشن کمشنر | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔صوبائی حکومت عوام کا معیار بہتر بنانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، ترجمان حکومت | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17۔این او سی کے بغیر تعمیراتی کام بند، ایف آئی آر درج، سامان ضبط کرنے کی ہدایت | انتخاب ودیگراخبارات |
| 18۔بلوچستان اور یہاں کے عوام کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ کیا نہ آئندہ کریں گے، مالک بلوچ | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

قلات پولیس کی کامیاب کارروائی آٹومیٹک گن برآمد ملزم گرفتار، موٹرسائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار، شمالی وزیرستان اور بلوچستان میں فورسز کے آپریشنز چار دہشت گرد ہلاک، نوشکی سیکورٹی فورسز کی کارروائی دو مسلح افراد ہلاک، لسبیلہ چرس برآمد دو ملزمان گرفتار۔

## عوامی مسائل

بلوچستان میں گندم پر پابندی کے باعث آٹے کا بحران فلور ملز بند ہوگئیں، خضدار، قلات ڈویژن کے تعلیمی ادارے زبوں حال، ترقی کا خواب ادھورا، حکومتی عدم توجہی کی وجہ سے کوئٹہ گندگی کا ڈھیر اور کھنڈرات میں تبدیل ہو چکا ہے، سیاسی وسماجی رہنما۔

---

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

مورخہ 08-06-2022

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**حکومت بلوچستان نے ریکوڈک معاہدے میں مفادات کا کامیاب تحفظ کیا**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہم نے متفقہ طور پر صوبے کے حقوق کے تحفظ کیلئے مضبوط موقف اختیار کرتے ہوئے حقوق کا کامیاب دفاع کیا جس کیلئے صوبائی کابینہ کے اراکین مبارک باد کے مستحق ہیں ہم نے ریکوڈک سمیت تمام اہم امور سب کو ساتھ لے کر چلنے کی پالیسی اپنائی ہے جس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ آئندہ بھی تمام اہم امور پر اپوزیشن سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریکوڈک ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا سرمایہ کار منصوبہ ہے جس کے ذریعے 8 ارب روپے کی بیرونی سرمایہ کاری آئے گی ہم نے ریکوڈک معاہدے میں بلوچستان کے مفادات کا کامیاب تحفظ کیا ہے اور بغیر کسی سرمایہ کاری کے منافع میں 25 فیصد کے شراکت دار ہیں جبکہ صوبے کے تمام ٹیکس بھی نافذ العمل ہیں جبکہ ہم سے پہلے منافع میں 10 فیصد حصے پر معاہدہ کرنے کی تیاری کی جا رہی تھی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریکوڈک ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے اور ہم نے معاہدے کیجوالے سے اپنی ذمہ داریوں کے بہتر صورت پورا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی معاہدے پر من وعن عملدرآمد کیلئے ایک میکنزم بنائے گی انہوں نے کہا کہ ریکوڈک معاہدہ ہماری آنے والی نسلوں کی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہوگا صوبائی کابینہ نے بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی کی بھی منظوری دے دی کابینہ نے گندم کی امدادی قیمت 22 سو روپے فی 40 کلو بیگ میں 200 روپے اضافے کی منظوری دے دی کابینہ نے محکمہ خوراک کو ہنگامی بنیادوں پر گندم کی خریداری اور گندم کے ذخیرہ اندوزوں کیخلاف قانونی کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل کابینہ کے فیصلے اور وزیر اعلیٰ کا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مفادات کا تحفظ اور مسائل کے حل کا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Formation of new districts" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

## مضامین

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**کوہ سلیمان کے جنگلات قیامت خیز شعلوں کی لپیٹ میں**" کے عنوان سے محمد حسین کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ سنچری کوئٹہ نے "**بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں**" کے عنوان سے رضا الرحمان کا تجزیہ شائع کیا۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مه
حکو مت بلو چستا ن


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-J-1

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 51 | بدھ 08 ذیقعد 1443ھ 08 / جون 2022ء | نمبر 157


Daily: ________

Dated: ________ Page No. ________

## آئندہ مالی سال کا بجٹ متوازن اور عوام دوست بنایا جائے، قدوس بزنجو

یوتھ اور خواتین کی ترقی کے منصوبے شامل ہوں

بولان میڈیکل یونیورسٹی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائینگے، وی سی کو یقین دہانی، آئی جی پولیس کو امن وامان کیلئے گائیڈ لائن بھی دی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات سلیمان مفتی اور سیکریٹری خزانہ حافظ عبدالباسط نے ملاقات کی اور انہیں آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ

> آئندہ مالی سال کا بجٹ متوازن اور عوام دوست بنایا جائے جس سے عوام کو خوشگوار تبدیلی کا احساس ہو

انہوں نے ہدایت کی کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں یوتھ اور خواتین کی ترقی کے منصوبے شامل کیے جائیں اور بجٹ میں جیلوں میں اصلاحات اور قیدیوں کی فلاح بہبود کے منصوبوں کو بھی ترجیح دی جائے وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ ترقیاتی پروگرام میں ایسے منصوبے شامل کیے جائیں جن سے مجموعی عوامی مفادات کا تحفظ ہو غیر ترقیاتی اور ترقیاتی اخراجات میں توازن رکھ کر ترقیاتی مد کو ترجیح دی جائے اور کفایت شعاری کی پالیسی پر گامزن رہ کر غیر ضروری اخراجات کو کم سے کم سطح پر رکھا جائے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے وائس چانسلر بولان میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر فریدہ کاکڑ نے ملاقات کی انہوں نے وزیر اعلیٰ کو یونیورسٹی کی عمارت بجٹ اور دیگر مسائل و امور سے آگاہ کیا اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بولان میڈیکل یونیورسٹی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یونیورسٹی سے ہمارے بچوں کا مستقبل وابستہ ہے یونیورسٹی ہمارے صوبے کی پہلی میڈیکل یونیورسٹی اور اثاثہ ہے انہوں نے یقین دلایا کہ ہم اپنے بچوں کے روشن مستقبل کو تحفظ دینگے وائس چانسلر نے تعاون کی یقین دہانی پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا یونیورسٹی کے فیکلٹی اراکین سابق ایم این اے عبدالقہار ودان اور سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال بھی ملاقات میں موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ سے آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نے ملاقات کی

وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر امن و امان کے حوالے سے آئی جی پولیس کو گائیڈ لائنز دیں جبکہ وزیر اعلیٰ کو آئی جی پولیس کی جانب سے بلوچستان پولیس کے پیشہ وارانہ امور اور امن امان پر بریفنگ دی گئی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دیرپا امن کا قیام اور عوام کی جان مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پولیس کی قربانیاں اور کاوشیں قابل تحسین ہیں بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس فورس کی قربانیوں کی قدر کرتے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے میں پولیس اور عوام کے درمیان مضبوط و مربوط تعلق اور تعاون ضروری ہے پولیس فورس اپنے کردار و اخلاق کے ذریعہ عوام کا اعتماد حاصل کرے اور دوران چیکنگ پولیس عوام کی عزت نفس ہر صورت برقرار رکھیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت پولیس کو بہترین فورس بنانے کے لئے تمام وسائل فراہم کرے گی انہوں نے ہدایت کی کہ پولیس اہلکاروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں اضافہ کے لئے ان کی ٹریننگ پر خصوصی توجہ دی جائے اس موقع پر آئی جی پولیس نے یقین دلایا کہ وزیر اعلیٰ کی ہدایت اور گائیڈ لائن کے مطابق پولیس میں ضروری اصلاحات کی جائیں گی۔

---

قائم مقام گورنر نے وزیر اعلیٰ کی ان کے چیمبر میں ملاقات، جان جمالی نے نئے اضلاع کے قیام پر شکریہ ادا کیا

## حکومت نئے اضلاع میں بہترین انتظامی انفرا اسٹرکچر بنائیگی، وزیر اعلیٰ

مشکل حالات میں سخت فیصلے لینے پڑتے ہیں ہم نے صوبے کے عوام کو سہولیات دینی ہیں، قدوس بزنجو کی گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے قائم مقام گورنر و اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی سے ملاقات کی۔ منگل کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے قائم مقام گورنر و اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی سے صوبائی اسمبلی اسپیکر چیمبر میں ملاقات کی، ملاقات میں قائم مقام گورنر و اسپیکر اور سینئر وزیر نے حب کاریزات اور اوستہ محمد کو ضلع کا درجہ دینے پر وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کیا، اس موقع پر قائم مقام گورنر و اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی نے کہا کہ نئے اضلاع کے قیام سے دور دراز علاقوں کے انتظامی مسائل بہتر انداز سے حل ہو سکیں گے، اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ مشکل حالات میں سخت فیصلے لینے پڑتے ہیں ہم نے صوبے کے عوام کو سہولیات دینی ہیں، انہوں نے کہا کہ حکومت نئے بننے والے اضلاع میں بہترین انتظامی انفرا اسٹرکچر بنائے گی۔ ملاقات میں سینئر صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی، سینیٹر سعید احمد ہاشمی اور بی اے پی کے صوبائی وزراء بھی موجود تھے۔

---

## وزیر اعلیٰ بزنجو نے جسٹس ہاشم کاکڑ سے تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان ہائیکورٹ کے سینئر جج جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ کی رہائش گاہ پر گئے اور ان سے انکے بھائی ڈاکٹر بیگ محمد کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا۔ صوبائی وزراء زمرک خان اچکزئی میر محمد خان لہڑی پارلیمانی سیکریٹری ملک نعیم بازئی ارکان اسمبلی اصغر خان ترین میر حمل کلمتی اور سابق صوبائی وزیر طاہر محمود بھی اس موقع پر موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: ________

Bullet No. 1

Dated: روزنامہ باخبر 08 جون 2022 — 3 B

روزنامہ مشرق کوئٹہ / بدھ 08 جون 2022ء

## حکومت کوئٹہ میٹروپولیٹن کو تمام سہولیات فراہم کریگی، بشریٰ رند

### شہر کی صفائی بارے ہر ممکن تعاون کیلئے ہنگامی اقدامات اٹھائے جائیں گے، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ سے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند نے کی ملاقات کی ملاقات میں......... بقیہ نمبر 16 صفحہ 10 پر

کوئٹہ شہر میں صفائی کی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر چیف افسر عبدالواحد بادینی عبدالحق اچکزئی دلاور خان عبدالحق بلوچ زیب رند اور دیگر بھی موجود تھے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن جبار بلوچ نے کوئٹہ شہر کی صفائی اور خوبصورتی کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر ہم سب کا مشترکہ گھر ہے شہر کی خوبصورتی اور بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے کوئٹہ شہر کی ماضی کی خوبصورتی یعنی لٹل پیرس بنانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

روزنامہ سنگچری ایکسپریس، کوئٹہ۔ بدھ، 8 جون، 2022ء

## پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات سے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی ملاقات

### شہر میں صفائی ستھرائی کیلئے دن اور رات میں شفٹیں کام کررہی ہیں، جبار بلوچ

### محدود وسائل کے باوجود کارکردگی قابل تعریف، ہر ممکن تعاون کیا جائیگا، بشریٰ رند

کوئٹہ (پ ر) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ سے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند کی ملاقات، ملاقات میں کوئٹہ شہر میں صفائی کی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر چیف افسر عبدالواحد بادینی، عبدالحق اچکزئی، دلاور خان، عبدالحق بلوچ، زیب رند اور دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر جبار بلوچ نے کہا کہ کوئٹہ شہر ہم سب کا مشترکہ گھر ہے شہر کی خوبصورتی اور بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے کوئٹہ شہر کی ماضی کی خوبصورتی یعنی لٹل پیرس بنانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور سیوریج کا نظام بہتر بنانے کیلئے دن اور رات اوقات میں شفٹیں کام کررہی ہے جن میں ہیوی مشینری، سووزکی، نالہ کینگ سمیت دیگر وسائل کو استعمال میں لایا جارہا ہے بلڈنگ کوڈ کی خلاف ورزی پر کارروائی ہوگی عوام اور تاجروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کیلئے میٹروپولیٹن انتظامیہ کا ساتھ تعاون کریں اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند نے کہا کہ میٹروپولیٹن انتظامیہ کی کم وسائل میں بھی کارکردگی قابل تعریف ہے اور امید کرتے ہیں کہ میٹروپولیٹن عملہ مزید بھی شہر کی بہتری کیلئے کردار ادا کرتا رہے گا انہوں نے ایڈمنسٹریٹر کو یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت میٹروپولیٹن انتظامیہ کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔

روزنامہ باخبر 08 جون 2022

## حکومت میٹروپولیٹن انتظامیہ کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، بشریٰ رند

### کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور سیوریج کا نظام بہتر بنانے کیلئے دن اور رات اوقات میں شفٹیں کام کررہی ہے عوام اور تاجر تعاون کریں

### ہر ممکن تعاون کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیںگے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات اور ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کی ملاقات

کوئٹہ (اے این این) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ جبار بلوچ سے پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند نے کی ملاقات کی ملاقات میں کوئٹہ شہر میں صفائی کی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر چیف افسر عبدالواحد بادینی عبدالحق اچکزئی دلاور خان عبدالحق بلوچ، زیب رند اور دیگر بھی موجود تھے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن جبار بلوچ نے کوئٹہ شہر کی صفائی اور خوبصورتی کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر ہم سب کا مشترکہ گھر ہے شہر کی خوبصورتی اور بہتری کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے کوئٹہ شہر کی ماضی کی خوبصورتی یعنی لٹل پیرس بنانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور سیوریج شفٹیں کام کررہی ہے جن میں ہیوی مشینری سووزکی نالہ کینگ سمیت دیگر وسائل کو استعمال میں لایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی دوبالا کرنے کیلئے بلڈنگ کوڈ کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی انہوں نے اس سلسلے میں عوام اور تاجروں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کیلئے میٹروپولیٹن انتظامیہ کا ساتھ تعاون کریں تاکہ شہر کی خوبصورتی بحال ہو جائے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند نے کہا کہ میٹروپولیٹن انتظامیہ کی کم وسائل میں بھی کارکردگی قابل تعریف ہے اور امید کرتے ہیں کہ میٹروپولیٹن عملہ مزید بھی شہر کی بہتری کیلئے کردار ادا کریگے انہوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن جبار بلوچ کو یقین دہانی کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت میٹروپولیٹن انتظامیہ کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے اور ہر ممکن تعاون کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated 08 JUN 2022 Page No. 6


## این او سی کے بغیر تعمیراتی کام بند ایف آئی آر درج' سامان ضبط کرانے کی ہدایت

**بلند و بالا عمارتیں این او سی کے بغیر تعمیر ہو رہی ہیں' متعلقہ حکام روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کرکے رپورٹ پیش کریں' کمشنر سہیل بلوچ**

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمٰن بلوچ | نے شہر بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر

میں بلڈنگ کوڈ کے برعکس عمارتوں کی تعمیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری طور پر ان کے خلاف کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں بلڈنگ کوڈ کے برعکس عمارتوں کی تعمیر جاری ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا لہٰذا این او سی کے بغیر عمارت تعمیر کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تعمیراتی کام بند و ایف آئی آر درج اور سامان ضبط کیا جائے جبکہ جاری تعمیراتی عمارتوں کے این او سی کی تجدید کروائی جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ شہر میں بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن یاسر بازئی، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ بابر خان، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ شہر کی اکثر شاہراہوں پر بلند و بالا عمارتیں بغیر این او سی اور بلڈنگ کوڈ کے تعمیر ہو رہی ہیں لہٰذا ان کے خلاف متعلقہ حکام روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کرکے رپورٹ پیش کریں

## صوبائی حکومت نے کھاد، چینی، آٹا کی بین الاضلاع پابندی ختم کردی

**ہوم سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس میں پابندی ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، زمینداروں کا خیر مقدم**

کوئٹہ (آن لائن) حکومت نے کھاد، چینی اور آٹے | کی بین بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر

اضلاع برآمد اور درآمد پر عائد پابندی کو ختم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسانوں اور زمینداروں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جس فیصلے کسان برادری نے حکومت کا شکریہ ادا کیا جاری سرکاری اعلامیے کے مطابق کھاد، آٹا، چینی اور گندم پر عائد پابندی سے متعلق اجلاس ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ ہاشم غلزئی کے زیر صدارت ہوا اجلاس میں محکموں کے حکام، ضلعی انتظامیہ، کسان اور زمینداروں کے نمائندے شریک ہوئے اجلاس میں کھاد، چینی، آٹا اور گندم پر بین اضلاع پابندی سے متعلق تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں آٹا، چینی اور کھاد پر عائد پابندی ختم کرنے پر اتفاق کرتے ہوئے آئندہ آٹا، چینی اور کھاد پر بین اضلاع برآمد اور درآمد نہ روکنے کا فیصلہ کیا گیا جبکہ گندم کی درآمد اور برآمد پالیسی کی مطابق ہی ہوگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 08 JUN 2022 Page No. 8

## موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کرکے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی پولیس کے مطابق ایس پی قائد آباد ڈویژن نظام الدین کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ انڈسٹریل تھانے کی حدود میں موجود ہے جس پر ڈی ایس پی شاہد جمیل اور ایس ایچ او انڈسٹریل ولی خان اچکزئی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے دو دن کی جدوجہد کے بعد سرغنہ رضوان کو گرفتار کرکے اس کی نشاندہی پر جان محمد روڈ سے چھینی اور چوری ہونے والی دو موٹر سائیکلیں برآمد کر لی پولیس نے بتایا کہ ملزم نے ایک درجن سے زائد موٹر سائیکلیں چھیننے اور چوری کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## قلات پولیس کی کامیاب کارروائی
## آٹومیٹک گن برآمد ملزم گرفتار

قلات (نامہ نگار) پولیس نے دوران گشت شیخ حاجی قبرستان ایریا سے میر خالد ولد میر غلام رسول قوم محمد حسنی سکنہ ملنگوار خضدار کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے ایک آٹومیٹک گن بمعہ ایمونیشن میگزین برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

## بیلہ: منشیات برآمد ہونے پر دو افراد گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) اسٹیشن ہاؤس آفیسر بیلہ حاصل خان قمبرانی نے ایک اور کامیاب کارروائی کے نتیجے میں دو منشیات فروشوں کاظم پٹھان اور احسان بلوچ کے قبضے سے مجموعی طور پر دو کلو اور دو سو گرام چرس برآمد کرلی ہے اور ہر دو ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف مقدمہ بھی درج کرلیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## لسبیلہ، چرس برآمد
## 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) لسبیلہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سوا 2 کلو چرس برآمد........ بقیہ نمبر 54 صفحہ 10 پر

کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ دوستین دشتی کی خصوصی ہدایت پر پولیس نے منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف خصوصی کارروائی کرتے ہوئے محلہ ریسٹ ہاؤس کے قریب منشیات فروش کاظم پٹھان کے قبضے سے 1 کلو 150 گرام چرس اور دوسری کارروائی میں احسان کے قبضے سے 1 کلو 50 گرام چرس برآمد کرکے دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

## اوستہ محمد، پولیس تھانہ صدر کی
## کارروائی، اشتہاری ملزم گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کی خصوصی ہدایات پر ایس...... بقیہ نمبر 11 صفحہ 10 پر

ایس پی جعفرآباد محمد جواد طارق کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے انسپکٹر محمد جمیل جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد نے اشتہاری ملزم خان محمد ولد عبدالصمد کو گرفتار کیا ہے۔ سب انسپکٹر عبدالرؤف جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار نے روپوش ملزمان عبدالحق، عبدالسلام پسران عبدالنبی، عبدالخالق ولد عبدالرسول اقوام چندرانی کو گرفتار کیا ہے۔ سب انسپکٹر مقبول احمد جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ کیٹل فارم نے اشتہاری ملزم صفر ولد محمد حسین قوم جمالی ساکن گوٹھ پیر بخش جمالی کو گرفتار کیا ہے۔ سب انسپکٹر محمد ندیم بہرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ باغ بیلہ نے روپوش ملزمان میر گل ولد نوث بخش۔ 02 نادر علی ولد میر گل اقوام لاشاری ساکنان گوٹھ علی آباد کو گرفتار کیا ہے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

## نوشکی میں راہزنوں نے گاڑی
## موبائل اور نقدی چھین لی

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں مسلح افراد نے گاڑی موبائل اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے گزشتہ شب رات 12 بجے فقیران کے قریب گل حسن نامی شخص کو 4 مسلح....... بقیہ نمبر 34 صفحہ 10 پر

افراد نے اسلحہ کی زور پر موبائل نقدی اور وٹس کار ATG-236 کو چھین کر فرار ہوگئے نوشکی میں تسلسل سے کار چوری کے واقعات سے شہری عدم تحفظ کا شکار نظر آتے ہیں

Century Express Quetta

## شمالی وزیرستان اور بلوچستان میں فورسز کے آپریشنز، 4 دہشتگرد ہلاک

### حسن خیل کے علاقے میں شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد مارے گئے، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا

اسلام آباد (خالد محمود) شمالی وزیرستان اور بلوچستان کے علاقے نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے آپریشنز کے دوران 4 دہشت گرد مارے گئے، آئی ایس پی آر کے مطابق 6 جون کو فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر شمالی وزیرستان کے ضلع حسن خیل کے عمومی علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا اس دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد مارے گئے جو سکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث تھے، ان سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا، ادھر نوشکی کے قریب پروڈ پہاڑی علاقے میں آپریشن کے دوران 2 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے ایک گروپ کی موجودگی کی اطلاع پر فورسز نے علاقے میں کلیئرنس آپریشن شروع کیا تو دہشت گردوں نے اپنے ٹھکانے سے فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے فورسز پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم بی آر اے کے 2 دہشت گرد ندیم اور شہزاد عالم مارے گئے جو خاران اور گرد و نواح میں سکیورٹی فورسز کے قافلے پر بارودی سرنگ نصب کرنے کے علاوہ دہشتگردی کے واقعات میں ملوث تھے، ان سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ فورسز قوم کے ساتھ مل کر بلوچستان کے امن، استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## نوشکی سیکورٹی فورسز کی کارروائی دو مسلح افراد ہلاک

### خفیہ اطلاع پر سیکورٹی فورسز نے نوشکی کے پہاڑی علاقوں میں آپریشن کیا جس میں ندیم اور شہزاد عالم مارا گیا

### ہلاک ہونے والے خاران میں فورسز پر حملے کے علاوہ بم دھماکوں میں ملوث تھے ان کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد کیا ہے' آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں نوشکی کے قریب مسلح افراد کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 افراد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں نوشکی کے قریب پہاڑی علاقے میں دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا، دہشت گردوں کی جانب سے فرار کی کوشش کے دوران سیکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ کے تبادلے میں بی آر اے سے وابستہ تھے ندیم اور شہزاد عالم مارے گئے، یہ خاران میں سیکیورٹی فورسز پر حملوں سمیت آئی ای بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر

ڈی دھماکے میں ملوث تھے، آپریشن کے دوران ہتھیار اور گولیاں بھی برآمد کرلی گئیں، سیکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قوم کی حمایت سے بلوچستان میں امن و استحکام تباہ کرنے کی ہر کوشش ناکام بنادیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 08 JUN 2022 Page No. 10

## لوحقین کوٹہ کی بحالی کیلئے وزیراعلیٰ سے ملیں گے، عبدالمالک کاکڑ

**10 سال سے لواحقین کوٹہ بند ہے اس سلسلے میں حکومت نے کوئی پالیسی نہیں بنائی**

**دوران سروس جاں بحق ملازمین کے بچوں کی بھرتی کے لئے پالیسی فوری بنائی جائے**

کوئٹہ (آئی این پی) صدر بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن عبدالمالک کاکڑ نے گزشتہ روز سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں لواحقین کوٹے کی بحالی کے سلسلے میں منعقدہ احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تقریباً...... 10 بقیہ نمبر33 صفحہ10 پر

بقیہ نمبر33 صفحہ10 پر

سال سے لواحقین کوٹہ بند ہے اس سلسلے میں حکومت نے کوئی پالیسی نہیں بنائی، ہمارا مطالبہ ہے کہ دوران سروس جاں بحق ہونے والے ملازمین کے بچوں کی بھرتی کے لئے پالیسی بنائی جائے تاکہ کوالیفکیشن اور میرٹ کے مطابق اسی ڈیپارٹمنٹ میں جاں بحق ملازم کا بچہ بھرتی ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سرکاری ملازم اپنی پوری زندگی ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے اس لئے یہ ان کا حق ہے کہ لواحقین کوٹہ بحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ بے روزگاری کے باعث نوجوان بے راہ روی کی جانب سے مائل ہو اس سلسلے میں وہ وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملیں گے اور ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے انہیں امید ہے کہ لواحقین کوٹے کے لئے پالیسی مرتب کرکے اسے بحال کی جائے گی۔

## چوبیس گھنٹوں کے اندر تنخواہیں نہ ملنے کی صورت میٹروپولیٹن ملازمین کا تادم مرگ بھوک ہڑتال کرنے کا اعلان

**میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور مسائل کے حل پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے، حضرت خان**

**عدالتی حکم پر عمل کرنے کی بجائے حکم عدولی کرکے میونسپل ملازمین کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا رویہ روا رکھا جارہا ہے، دلاور خان و دیگر**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) میٹروپولیٹن کارپوریشن تنظیمی اتحاد کوئٹہ کے رہنماؤں صدر حضرت خان، تنویر اسلم، دلاور خان، ندیم کھوکھر، نصیب اللہ کاکڑ، حاجی محمد یوسف نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور محکمہ فنانس عدالتی حکم کی حکم عدولی کرتے ہوئے ملازمین کو تنخواہ، پنشن اور گریجویٹی کی ادائیگی ممکن نہیں بنارہی چوبیس گھنٹوں کے اندر ملازمین کو تنخواہیں ادا کرکے دیگر مسائل حل نہ کئے گئے تو ہم احتجاج کا راستہ اختیار...... بقیہ نمبر31 صفحہ10 پر

بقیہ نمبر31 صفحہ10 پر

کرتے ہوئے تادم مرگ بھوک ہڑتال سمیت سخت سے سخت احتجاج شروع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری محکمہ فنانس اور سیکرٹری فنانس سمیت متعلقہ حکام پر عائد ہوگی یہاں جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین بنیادی سہولیات سے محروم ہیں اور ان کے مسائل کے حل پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے اور نہ ہی لوکل کونسل گرانٹ کمیٹی کی جانب سے اس مسئلے کے حل پر کوئی توجہ دی گئی جس کی وجہ سے ملازمین شدید ذہنی کوفت اور اضطراب میں مبتلا ہیں۔ ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں بچوں کی فیس اور دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں اور ملازمین کو انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے ملازمین نے نامساعد حالات میں اپنے فرائض کی ادائیگی کو ممکن بنایا ہے جبکہ وہ آج بھی ماہانہ تنخواہ اور گریجویٹی اور پنشن کی وصولی سے محروم ہیں حالانکہ عدالت عالیہ کے احکامات ہیں کہ میونسپل ملازمین کو ماہانہ تنخواہ، پنشن اور گریجویٹی ہر ماہ کی 2 تاریخ تک ادا کی جائے لیکن عدالتی حکم پر عمل کرنے کی بجائے حکم عدولی کرکے میونسپل ملازمین کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا رویہ روا رکھا جارہا ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں اگر چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر میونسپل ملازمین تنخواہیں، پنشن اور گریجویٹ ادا نہ کی گئی تو ہم احتجاجی تحریک شروع کرتے ہیں

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی قلت

**پچاس بیڈ ہسپتال خدابادان آر ایچ سینٹر اور مرکز صحت میں ادویات نایاب ہوگئیں**

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی قلت غریب مریضوں کو مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق پنجگور کے مختلف سرکاری ہسپتالوں ٹیچنگ ہسپتال پنجگور پچاس بیڈ ہسپتال خدابادان مختلف آر ایچ سی اور مرکز صحت میں ادویات نایاب ہوگیا بقیہ نمبر18 صفحہ5 پر

بقیہ نمبر18 صفحہ5 پر

ہے اور معمولی گولی پیناڈول تک دستیاب نہیں جس کی وجہ سے غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں نے اپیل کی ہے کہ پنجگور کے تمام سرکاری ہسپتالوں کو ادویات اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے لیے فوری طور پر اقدامات کیے جائیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 JUN 2022 Page No. 11


## حکومت بلوچستان نے ریکوڈک معاہدے میں مفادات کا کامیاب تحفظ کیا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ ہم نے متفقہ طور پر صوبے کے حقوق کے تحفظ کیلئے مضبوط موقف اختیار کرتے ہوئے حقوق کا کامیاب دفاع کیا جس کیلئے صوبائی کابینہ کے اراکین مبارکباد کے مستحق ہیں ہم نے ریکوڈک سمیت تمام اہم امور پر سب کو ساتھ لیکر چلنے کی پالیسی اپنائی ہے جس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں آئندہ بھی تمام اہم امور پر اپوزیشن سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریکوڈک ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا سرمایہ کار منصوبہ ہے جس کے ذریعے 8 ارب روپے کی بیرونی سرمایہ کاری آئے گی ہم نے ریکوڈک معاہدے میں بلوچستان کے مفادات کا کامیاب تحفظ کیا ہے اور بغیر کسی سرمایہ کاری کے منافع میں 25 فیصد کے شراکت دار ہیں جبکہ صوبے کے تمام ٹیکس بھی نافذ العمل ہیں جبکہ ہم سے پہلے منافع میں 10 فیصد حصے پر معاہدہ کرنے کی تیاری کی جارہی تھی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریکوڈک ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے اور ہم نے معاہدے کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو بہر صورت پورا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بھی معاہدے پر من وعن عملدرآمد کیلئے ایک میکنزم بنائے گی انہوں نے کہا کہ ریکوڈک معاہدہ ہماری آنے والی نسلوں کی ترقی اور خوشحالی کا ضامن ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت منعقد ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کابینہ اراکین نے صوبے میں کفایت شعاری کے فروغ اور اخراجات کو کم کرنے کیلئے اپنے فیول کوٹے اور دیگر مراعات میں پچاس فیصد کمی کا اعلان کیا ہے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں صوبے کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے اور صوبے کی معدنیات سے مستفید ہونے کیلئے صوبائی کابینہ نے ریگولیشن مائنز اینڈ آئل فیلڈ اینڈ منرل ڈویلپمنٹ (حکومت کنٹرول) ایکٹ 1948 میں ترمیم کی منظوری دی گئی کابینہ نے ڈیرہ بگٹی میں پیرکوہ اور زین کوہ کیلئے واٹر سپلائی سکیم کے نظر ثانی شدہ پی سی ون کی منظوری دیدی صوبائی کابینہ نے بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی کی بھی منظوری دیدی کابینہ نے گندم کی امدادی قیمت 22 سو روپے فی 40 کلو بیگ میں 200 روپے اضافے کی منظوری دیدی کابینہ نے محکمہ خوراک کو ہنگامی بنیادوں پر گندم کی خریداری اور گندم کے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی ہدایت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 08 JUN 2022 Page No. 12

## بلوچستان کے مسائل، کابینہ کے فیصلے اور وزیراعلیٰ کا عزم

وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت بلوچستان کابینہ کے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں مختلف شعبوں اور درپیش مسائل سے متعلق انتہائی اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی ہے جبکہ وزیراعلیٰ نے کابینہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ بلوچستان کے مسائل کے حل اور بلوچستان کے حقوق کے تحفظ کے لئے تمام اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے اور تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مضبوط موقف اختیار کر کے صوبے کے حقوق کا دفاع کیا جس پر کابینہ اراکین مبارکباد کے مستحق ہیں وزیراعلیٰ نے اس ضمن میں بطور مثال ریکوڈک منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ریکوڈک ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا سرمایہ کار منصوبہ ہے جس کے ذریعے آٹھ ارب روپے کی بیرونی سرمایہ کاری آئے گی ہم نے ریکوڈک معاہدے میں بلوچستان کے مفادات کا کامیاب تحفظ کیا ہے اور بغیر کسی سرمایہ کاری کے منافع میں پچیس فیصد کے شراکت دار ہیں جبکہ صوبے کے تمام ٹیکس بھی نافذ العمل ہیں جبکہ ہم سے پہلے منافع میں دس فیصد حصے پر معاہدہ کرنے کی تیاری کی جارہی تھی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریکوڈک ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے اور ہم نے معاہدے کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کو بہر صورت پورا کرنا ہے ریکوڈک معاہدہ ہماری آنے والی نسلوں کی ترقی اور خوشحالی کا ضامن ہوگا۔ ان کی زیر صدارت بلوچستان کابینہ کا یہ اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس میں انتہائی اہم فیصلے کئے گئے ہیں کابینہ نے محکمہ معدنیات، زراعت، تعلیم، صحت سمیت دیگر شعبوں سے متعلق اہم فیصلے کئے، قوانین کی منظوری دی اور اس بات کا بھی فیصلہ کیا کہ صوبے میں کفایت شعاری کو فروغ دیا جائے، اخراجات کم سے کم سطح پر لانے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں اور صوبے کے دیرینہ مسائل کا حل یقینی بنایا جائے۔ کابینہ اجلاس کے بعد صوبائی وزراء سردار عبدالرحمان کھیتران، محترمہ بشریٰ رند اور دیگر وزراء نے کابینہ اجلاس کی تفصیلات اور لئے گئے فیصلوں سے میڈیا کو آگاہ کیا۔ اخراجات میں پچاس فیصد کمی کی صوبائی کابینہ نے منظوری دے دی ہے، نئے اضلاع رواں سال ستمبر تک فعال ہو جائیں گے بلوچستان کابینہ کے اس اجلاس میں پچاس نکات پر مشتمل ایجنڈا زیر غور آیا اور اجلاس چار گھنٹوں تک جاری رہا جس کے دوران مرحلہ وار تمام نکات کو زیر غور لایا گیا اور اس پر فیصلے کئے گئے۔ یہاں اس بات کا ذکر ضروری اور اہمیت کا حامل ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت کو آئے ابھی چند ہی مہینے ہوئے ہیں تاہم اس دوران ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان کا شیئر بڑھانے، چمن کوئٹہ کراچی شاہراہ کا سنگ بنیاد رکھنے اور وزیراعظم شہباز شریف کے یکے بعد دیگرے دو مرتبہ کوئٹہ کے دورے سمیت یہاں صوبائی سطح پر اٹھائے گئے غیر معمولی اقدامات اس حکومت کے کریڈٹ پر ہیں ان دنوں وفاق اور باقی صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی بجٹ سازی اپنے آخری مراحل میں ہے بجٹ کسی بھی حکومت کی آمدن اور اخراجات نیز ضروریات کا آئینہ دار ہوتا ہے ہماری قومی آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہیں معیشت دگرگوں اور خزانہ خالی ہے ایسے میں بجٹ سازی ایک مشکل مرحلہ بن جاتا ہے وفاق کی طرح بلوچستان میں بھی مسائل بہت ہیں لیکن حکومت ان مسائل سے غافل نہیں بلکہ ان مسائل کے حل اور خاتمے کے لئے پرعزم بھی ہے اور اقدامات بھی اٹھائے جارہے ہیں وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے اسی تناظر میں یہ بات کہی ہے کہ وہ تمام اتحادیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے اور صوبے کے دیرینہ مسائل کا حل ممکن بنائیں گے۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے وزیراعلیٰ منتخب ہونے کے فوراً بعد اسی عزم کا اظہار کیا تھا کہ وہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کا حل یقینی بنانے کے لئے کام کریں گے اور اتحادی جماعتوں اور صوبے کے عوام کی امیدوں اور توقعات پر پورا اتریں گے فی الواقع انہوں نے جس عزم کا اظہار بلوچستان اسمبلی میں قائد ایوان منتخب ہونے کے بعد اپنے پہلے خطاب میں کیا تھا اسے عملی جامہ پہنانے کے لئے وہ کوشاں نظر آتے ہیں یہ اور بات ہے کہ اس دوران قومی اور صوبائی سیاسی منظر نامے پر غیر معمولی حالات بھی رونما ہوئے بلوچستان میں پچھلے سال حکومت کی تبدیلی کے بعد چند ہی ہفتے گزرے ہوں گے کہ قومی سیاسی منظر نامے پر تحریک کے آثار نمودار ہوئے اور رواں سال فروری میں پی ڈی ایم جماعتوں نے پی ٹی آئی حکومت کو ہٹانے کے لئے اتحاد کرتے ہوئے ان ہاؤس تبدیلی کی کوششیں شروع کی مارچ میں سابق وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک آئی جس کے بعد ملک میں ایک طویل سیاسی کشمکش اور بحران کا بھی جنم ہوا لیکن پرامن اور جمہوری انتقال اقتدار کا مرحلہ مکمل ہوا میاں محمد شہباز شریف وزارت عظمیٰ کے منصب پر منتخب ہو کر فائز ہوئے لیکن اسی دوران یہاں بلوچستان میں بھی عدم اعتماد کی تحریک آگئی جس کا وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور ان کے ہم خیال اراکین و اتحادی جماعتوں نے خندہ پیشانی اور پارلیمانی روایت کے عین مطابق انتہائی جمہوری انداز میں اس کا سامنا کیا عدم اعتماد کی تحریک پہلے مرحلے پر ہی ناکامی سے دوچار ہوگئی اور یوں عدم اعتماد کی اس تحریک کے بعد یہ بلوچستان کابینہ کا پہلا غیر معمولی اجلاس تھا جو نہ صرف کئی گھنٹوں پر محیط رہا بلکہ اس میں مختلف شعبوں سے متعلق انتہائی اہم فیصلوں کی توثیق و منظوری بھی دی گئی ہمیں امید ہے کہ کابینہ کے کئے گئے فیصلے ملک و قوم اور بلوچستان کے لئے بہتری اور خوشحالی کی نوید لے کر آئیں گے باقی رہ گئی وزیراعلیٰ بزنجو کے اس عزم کی بات تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی کوششیں اور کاوشیں اپنی جگہ بجا اور مبنی بر حقیقت ہیں لیکن یہ کوششیں اور کاوشیں اس وقت تک ثمر آور نہیں ہوں گی جب تک تمام اتحادی جماعتیں اور بلوچستان کی تمام سیاسی قوتیں وزیراعلیٰ بزنجو کا ساتھ نہیں دیں گی بلوچستان میں وسائل کی کمی ہے لیکن یہاں سرمایہ کاری کے بھی وسیع مواقع موجود ہیں اور آگے بڑھنے اور ترقی کے امکانات بھی لامحدود ہیں بلوچستان حکومت اپنے قلیل وسائل میں صوبے کے دیرینہ مسائل کو حل نہیں کرسکتی تاوقتیکہ اس کار خیر میں وفاقی حکومت بھی بلوچستان حکومت کے ساتھ خاطر خواہ مدد اور معاونت کو یقینی نہ بنائے سو ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کی تمام جماعتیں وزیراعلیٰ بزنجو کا ساتھ دیں تاکہ وہ وفاق میں جا کر بلوچستان کے مسائل کو احسن طریقے سے اجاگر کریں اور وفاقی حکومت کی مدد اور معاونت سے بلوچستان میں ایسے منصوبوں کے اجراء اور تکمیل کے لئے اپنے حصے کا کردار ادا کریں جن کی بدولت صوبے میں جا بجا پھیلی پسماندگی، غربت، بے روزگاری اور دیگر معاشی و معاشرتی مسائل کے حل کو یقینی بنایا جاسکے۔

# Formation of new districts

The Balochistan government has given approval for the establishment of three new districts in the province. The districts are Hub, Karezat and Osta Muhammad. This was announced by Sardar Abdul Rehman Khetran, the Balochistan Communication and Works Department Minister, during a news conference. He said that the provincial cabinet approved the establishment of the three new districts. With the approval of the three new districts, the number of districts throughout Balochistan reached 37. The Balochistan government created a new division and two districts in the province last year. Unfortunately, Balochistan is marred by a plethora of problems. From poor governance, corruption and tribal-based politics to unemployment, underdevelopment and political instability, Balochistan has its fair share of issues. Therefore, it will not be rational to further expand its territorial boundaries while the existing territory suffers due to the indifference of political leaders in Quetta and Islamabad. Balochistan already has 34 districts when the total population of the province, as per the 2017 census, is 12.34 million. To put it in context, Punjab has 36 districts with a population of 110 million. This means that Balochistan has roughly the same number of districts as Punjab when its population is almost nine times less. District management expenses of Balochistan are nearly the same as Punjab despite the huge difference in populations of both provinces. A large number of districts become a problem when they increase the non-development administrative expenditures of the province. Resources of the federal divisible pool are divided largely based on population. Balochistan, having just six percent of the population, has very few resources but makes administrative expenditures at the same level as Punjab. It is true that Balochistan has a vast geographical territory and districts can't be formed purely on the basis of population. Larger districts can be divided into two and smaller ones can be merged with others. However, the total number of districts must not be increased at any cost. This decision will not reverse the existing expenses weighing on the provincial exchequer. Experts say formation of new districts on administrative ground cannot be challenged, provided the province has resources and can keep new units viable. There is a tendency among the political leadership of Balochistan to notify tehsils and districts with little or no administrative justification. Each district needs to have at least 14 different departments. The current annual budget is not enough to meet the needs of so many departments and increasing the number of districts will further aggravate the problem.

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6    Dated: 08 JUN 2022    Page No. 18

# کوہ سلیمان کے جنگلات قیامت خیز شعلوں کی لپیٹ میں

محمد حسین ہنرل

یہ دراصل کوہ ہندوکش کے جنوب سے شروع ہونے والا وہ طویل پہاڑی سلسلہ ہے جو خیبرپختونخوا کے جنوبی علاقوں وزیرستان، ڈیرہ اسماعیل خان اور بلوچستان کے نوزائیدہ ضلع شیرانی، ژوب اور موسیٰ خیل سے ہوتا ہوا جیکب آباد تک جاتا ہے۔ وہاں سے یہ ایران کے مشرق میں واقع سطح مرتفع پر ختم ہوتا ہے جبکہ دوسری طرف اس مشہور پہاڑی سلسلے کی کچھ جزوی کڑیاں افغانستان کے علاقوں پکتیا، زابل اور قندھار تک بھی جاتی ہیں۔ قدرتی حُسن سے مالا مال اس شاہکار پہاڑی سلسلے کا جو علاقہ ڈیرہ اسماعیل خان، شیرانی اور ژوب میں پڑتا ہے وہاں نہ صرف چلغوزے کے قیمتی درختوں کے سب سے بڑے جنگلات موجود ہیں بلکہ یہ سلیمانی مارخور، ہرن، تیندوے اور کئی دیگر نایاب ہوتے جانوروں کا مسکن بھی ہے۔

دل کو بھانے والے یہ خوبصورت جنگلات جہاں ایک طرف ماحول کو صاف رکھنے اور ایکو سسٹم کے لیے مددگار ثابت ہو رہے ہیں تو دوسری طرف اس سے ہزاروں افراد کا معاش بھی وابستہ ہے۔

ان جنگلات میں وقتاً فوقتاً مارخور (جسے سلیمانی مارخور کہا جاتا ہے) اور تیندوے دیکھے گئے ہیں جن کی نسل اب تقریباً ناپید ہوتی جا رہی ہے۔

تخت سلیمان کہلائی جانے والی اس پہاڑی سلسلے کی بلند ترین چوٹی بھی یہیں پر واقع ہے جس کی بلندی 11 ہزار 440 فٹ بتائی جاتی ہے۔ نا جانے قدرت کے اس شاہکار پہاڑ کو کس کی نظر لگ گئی کہ اس کے دامن میں لگی ہوئی آگ بجھنے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ سوشل میڈیا پر موجود تصاویر بتا رہی ہیں کہ یہاں پر قدرتی حُسن خاکستر ہو گیا ہے اور زیتون کے قیمتی جنگلات کو شاید اب پھر سے لہلہانے کا موقع نہ مل سکے۔

درازندہ میں مقیم لکھاری اطلس خان شیرانی کے مطابق ’چلغوزے کے ان جنگلات میں پہلی دفعہ آگ دہانہ سر کے قریب رواں مہینے کی 8 تاریخ کو دیکھی گئی تھی جو آہستہ آہستہ شیرانی کے سرحدی علاقے زمری (موسیٰ خیل) کے پہاڑوں تک پہنچنے کے بعد واپس تورغر اور بابوزی غر کی طرف پلٹ گئی۔ یہ آگ بجھی نہیں تھی کہ ایک دوسری آگ ’قمرہ‘ پہاڑی پر نمودار ہوئی جسے مقامی دیہاتیوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بجھا دیا۔ تیسری آگ زیبی کی پہاڑی میں لگی جو بعد میں شاہل اور ترکئی تک پھیل کر اس وقت 50 کلومیٹر کے قریب جنگلی علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے چکی ہے۔‘

اگرچہ اطلس خان شیرانی نے آگ لگنے کی بنیادی وجہ کے بارے میں کچھ نہیں کہا تاہم اس بارے میں متضاد دعوے سننے کو مل رہے ہیں۔ صوبائی محکمہ جنگلات کے سیکریٹری دوستین جمالدینی کے مطابق ’آگ لگنے کی بنیادی وجہ آسمانی بجلی تھی جبکہ ضلع شیرانی کے فاریسٹ آفیسر عتیق الرحمن کا دعویٰ ہے کہ بظاہر یہ آگ مقامی لوگوں نے اپنے باہمی تنازعات کے باعث لگائی ہے۔‘

آگ کی شدت اور بلند ہوتے شعلوں کے بارے میں جب بھی وہاں کے مقامی لوگوں سے سوال کیا جاتا ہے تو ان کی زبان سے ابتدائی الفاظ ’الامان الحفیظ‘ ادا ہوتے ہیں۔ ان عینی شاہدوں میں 60، 70 سال کی عمر کے افراد بھی شامل ہیں جن کا کہنا ہے کہ انہیں زندگی میں پہلی مرتبہ ایسی ہولناک آگ دیکھنے کو ملی ہے۔ یہ لوگ آگ کی شدت کی بنیادی وجہ چلغوزے کے درخت کی منفرد خاصیت یعنی تیل نما چکناہٹ کو قرار دیتے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے سالہا سال سے پڑے خشک درختوں کی بہتات بھی آگ کو اپنی طرف دعوت دے رہی تھی جبکہ وہاں پر چلنے والی تیز ہوائیں بھی آگ کو بھڑکا رہی تھیں۔

اس بات میں کوئی دو رائے نہیں کہ کوہ سلیمان کے ان قیمتی جنگلات میں بپا ہونے والے قیامت خیز حادثے کو بڑی آسانی سے ٹالا جا سکتا تھا اگر جنگلات کا متعلقہ ادارہ یا صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) بروقت اپنے اپنے حصے کا کام کرتی۔ لیکن بدقسمتی سے قدرتی آفات سے نمٹنے کا مذکورہ ادارہ اس وقت متحرک ہوا جب پلوں کے نیچے بہت سارا پانی بہہ چکا تھا۔

مقامی لوگوں اور سماجی تحریکوں سے وابستہ نوجوانوں کی دیوانہ وار فریاد اور سوشل میڈیا پر ٹرینڈ چلانے کی برکت سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے تقریباً 8 روز بعد حادثے کا نوٹس تو لے لیا لیکن آگ بجھانے کے وسائل پھر بھی فراہم نہیں کیے گئے۔ بعد میں جب کور کمانڈر بلوچستان سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے متعلقہ اداروں کو 2، 3 فائر فائٹر ہیلی کاپٹر فراہم کر کے آگ بجھانے کے لیے آپریشن کا آغاز کیا۔

آگ کی شدت کا ہم نے پہلے بھی ذکر کیا اور اس شدت کی وجہ سے ہی فضا سے پانی چھڑکنے کے باوجود ان ہولناک شعلوں میں کمی نہیں آئی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق مذکورہ آگ نے تقریباً 40 کلومیٹر سے زیادہ جنگلی علاقے کو راکھ کر دیا۔ یہاں یہ بتاتا چلوں کہ حکومتی سرمہری کو بھانپ کر وہاں کے مقامی لوگ بھی روایتی طریقوں سے آگ کو قابو کرنے کے لیے آگے بڑھے اور ان میں سے جن میں 3 افراد بُری طرح جھلس کر اپنی جانیں کھو بیٹھے جبکہ 3 دیگر افراد کو زخمی حالت میں ریسکیو کر کے اسپتال پہنچایا گیا۔

جب بات آگے بڑھی تو وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے حادثے کا نوٹس لے لیا اور بلوچستان سے وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات مولانا عبدالواسع کو فوکل پرسن مقرر کر دیا جنہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس، چیف سیکریٹری بلوچستان اور اعلیٰ فوجی حکام کے ہمراہ متاثرہ علاقے کا فضائی دورہ کیا۔ اس حادثے سے متعلق وزیر اعظم کی صدارت اتوار کو ویڈیو لنک کے ذریعے فوکل پرسن، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر کے ساتھ ایک اجلاس کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں طے پایا کہ وفاقی حکومت کی درخواست پر ہمسایہ ملک ایران آگ بجھانے کے لیے جہاز فراہم کرے گا جو اتوار سے آپریشن شروع کرے گا۔

جنگلات کے تحفظ کے لیے مستقبل کی منصوبہ بندی یہ بات اب ٹھوس حقیقت بن چکی ہے کہ اس وقت پوری دنیا میں موسمیاتی تبدیلیوں کے مہلک خطرات منڈلا رہے ہیں۔ ان خطرات کو کم سے کم کرنے کے لیے موجودہ جنگلات کا تحفظ اور مزید درخت لگانا ناگزیر ہو چکا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں بدقسمتی یہ در آئی ہے کہ نہ تو ریاستی سطح پر ماحولیات کے تحفظ کے لیے سنجیدہ کوششیں ہو رہی ہیں اور نہ ہی عوام میں ماحول کو شفاف بنانے کے لیے شعور و آگہی پھیلانے کی زحمت کی جاتی ہے۔

حال ہی میں جرمن واچ کے گلوبل کلائمیٹ انڈیکس میں پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ملکوں کی فہرست میں 8 ویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔ موسمیاتی تغیرات نہ صرف غیر مرئی نقصانات مثلاً کاربن کے اخراج اور حدت میں اضافے اور آکسیجن میں بدستور کمی کا باعث بن رہے ہیں جس سے مختلف بیماریاں جنم لیتی ہیں بلکہ ان تغیرات کے باعث پہلے ہی سے وینٹی لیٹر پر پڑے ہمارے جی ڈی پی کو سیلابوں اور مون سون بارشوں کی شدت کی صورت میں متاثر کر رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No. 7 Dated: 07 JUN 2022 Page No. 19


# Two colliers perish in Dukki landslide


OUR CORRESPONDENT


QUETTA

A landslide killed two coal miners in Balochistan's Dukki district on Monday evening.

According to police sources, the two colliers were working deep inside a mine when the landslide hit them. Both the miners were dead on the spot.

Rescue workers and fellow miners reached the affected mine and retrieved the bodies of the victims. The deceased coal miners were identified as Murtaza and Salahuddin.

The bodies were shifted to district headquarters hospital Dukki.

The hospital administration handed over the bodies to the heirs after the completion of medico-legal formalities.

Landslides and other incidents inside coal mines of Dukki and other parts of Balochistan have claimed hundreds of precious human lives.

Such incidents have become the order of the day in Balochistan's Dukki district which has rich coal deposits.

Earlier on May 31, at least two people were killed in a landmine explosion in Balochistan's Harnai district, officials said.

Deputy Commissioner Harnai Sardar Muhammad Rafique had said that the incident took place in Khost area of the district.

The unidentified accused had planted a landmine on the road leading towards the coal mines, the official had said. Two people were killed on the spot when their water tanker hit the explosive device planted on the roadside, he had added.

Last year, three coal miners were shot dead in the same district after unidentified armed men opened fire on them.

According to the Balochistan Levies personnel, three miners – Juma Khan, Rehmatullah and Izzatullah – were left dead on the spot when assailants opened fire at Amanullah Taran's coal mine at Zalawan in Shahrag area of Harnai in the wee hours.

# Balochistan to get health card facilities

QUETTA

The BAP-led Balochistan government has decided to provide the health card facility to every individual to ensure universal coverage of the initiative.

The provincial government has made all arrangements to launch the Balochistan Health Card facility soon at the cost of Rs5.914 billion, under which health insurance of Rs one million would be provided to 1.875 million families of the province.

According to the programme, the Computerised National Identity Card (CNIC) will be considered the health card for the permanent residents of the province.

Talking to APP, an official of the Balochistan government, on the condition of anonymity said the objective of the programme was to improve the health status of the targeted population through increasing access to quality health services and to reduce poverty through reduction of out-of-pocket payments for health expenditures.

"Currently over 1.8 million families are settled in Balochistan and there will be 100 per cent coverage under the initiative and the scheme would be funded by a regular budget in the future." APP

164 PILGRIMS

## First Hajj flight departs from Quetta

QUETTA: The first Hajj flight carrying 164 pilgrims on Monday departed for Jeddah from Quetta International Airport. Federal Minister for Housing and Works Maulana Abdul Wasey saw the pilgrims off from Quetta Airport. The Hajj flight operation from Quetta will continue till June 13. 1,303 pilgrims will be flown from Balochistan this year. APP

## Levies recover missing child in Bolan

QUETTA: Shortly after a few hours of kidnapping, the Levies Force recovered a missing child on Monday.

An official of the force said that unidentified men kidnapped a child namely Danial from Haji Shahar of Balochistan's Bolan district.

On the directives of Deputy Commissioner Kachi, Shafqat Shahwani, levies force cordoned off the area and initiated strict checking at the entry and exit points of the district.

The search operation, launched in the area, forced the kidnappers to release the child near Levies check post and flee.

Soon after his recovery, the child was handed over to the family while an investigation involving various aspects has been initiated to trace the captives involved in the kidnapping bid.

Further probe into the incident was underway. APP

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 08 JUN 2022 Page No.



کوئٹہ : قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی سے وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران
اجلاس میں مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں



صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی کو ای ایس ٹی ٹیچرز اپنے مسائل سے آگاہ کر رہی ہیں



ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں

Century Express Quetta



سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح محمد بھوتانی سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر تعلقات عامہ
عبدالواحد بلوچ ضلع لسبیلہ کے پریس کلبز کے امور سے متعلق گفتگو کر رہے ہیں